Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَةُ الْقُرْآنِ الْمَجِيْد

جماعت نہم

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

مشق

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

i. آیات کے لحاظ سے طویل ترین مکی سورت ہے:

(الف) سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ ●　(ب) سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْت
(ج) سُوْرَةُ الرُّوْم　(د) سُوْرَةُ لُقْمٰن

ii. سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ کے آخر میں صفات بیان کی گئی ہیں:

(الف) فرشتوں کی　(ب) علماء کی　(ج) حکمرانوں کی　(د) شاعروں کی ●

iii. جھوٹے اور گناہ گار لوگوں کا ساتھی ہوتا ہے:

(الف) شاعر　(ب) شیطان ●　(ج) جن　(د) نفس

iv. نافرمانوں پر عذاب اترتا ہے:

(الف) دنیا میں　(ب) قبر میں　(ج) آخرت میں　(د) تینوں میں ●

v. عموماً جھوٹے شاعروں کی پیروی کرتے ہیں:

(الف) اداکار لوگ　(ب) گمراہ لوگ ●　(ج) ان پڑھ لوگ　(د) پڑھے لکھے لوگ

2 مختصر جواب دیجیے۔

i. سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

ii. سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ کا خلاصہ کیا ہے؟

iii. سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

جوابات

(i) سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کے آخر میں اچھے اور برے شاعروں کی نشانیاں بیان کی گئی ہیں۔ اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ ہے۔

(ii) سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کا خلاصہ کیا ہے؟

جواب: سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کا خلاصہ "سابقہ انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات کے ذریعے مسلمانوں کو تسلی دینا" ہے۔

(iii) سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کے دو علمی و عملی نکات: ☆ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک روشن کتاب ہے، جس میں زندگی گزارنے کے واضح اصول موجود ہیں۔

3 تفصیلی جواب دیجیے۔

(i) سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ تعارف:

سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ مکی سورت ہے۔ اس کی آیات کی تعداد دو سو ستائیس (227) ہے۔ سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ آیات کے لحاظ سے طویل ترین مکی سورت ہے۔ سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کے آخر میں اچھے اور برے شاعروں کی نشانیاں بیان کی گئی ہیں، اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ ہے۔

سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کا خلاصہ:

سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کا خلاصہ "سابقہ انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات کے ذریعے مسلمانوں کو تسلی دینا" ہے۔

سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کے مضامین:

سابقہ انبیاء کا ذکر:

سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ کا آغاز حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو تسلی دینے سے ہوتا ہے۔ پھر سابقہ انبیاء کرام علیہم السلام کا اپنی اپنی قوموں کو حوصلے اور ثابت قدمی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی دعوت دینے کا ذکر ہے۔ اس مبارک دعوت کو قبول کر لینے والوں کے نجات پانے اور نافرمانوں پر دنیا میں بھی عذاب اتارے جانے کا ذکر ہے۔

اہل ایمان کی کامیابی کی بشارت:

ان واقعات کے ذریعے حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو تسلی دی گئی ہے کہ ایک دن ایمان والے ہی کامیاب ہوں گے۔

مشرکین مکہ کو تنبیہ:

مشرکین مکہ اور دوسرے نافرمانوں کو متوجہ کیا گیا ہے کہ وہ نافرمان قوموں کے دردناک انجام سے خبردار ہو کر اپنی اصلاح کر لیں۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

قرآن مجید کے فضائل اور حقانیت کا بیان:

قرآنِ مجید کے فضائل اور حقانیت کا بیان ہے کہ اس کتاب کو عربی زبان میں تمام جہانوں کے پروردگار نے حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعے حضرت محمد رَسُوْلُ اللهِ خاتَمَ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے قلبِ مبارک پر اُتارا ہے۔

شعراء کا ذکر:

سورت کے آخر میں شاعروں کی عمومی کمزوریوں کو بیان کرتے ہوئے اچھے شعراء کی صفات بھی بیان کی گئی ہیں۔

اس سورت کا مرکزی مضمون:

اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے، حضرت محمد رسول اللہ خاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے نبی اور رسول ہونے، موت کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے اور اسلام کے دیگر عقائد کو دلائل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

LAST HOPE STUDY

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study